مطبوعات

A STUDY IN IQBAL'S PHILOSOPHY.
مطالعہ فلسفۂ اقبالؒ

تالیف جناب بشیر احمد ڈار۔ شائع کردہ : شیخ غلام علی اینڈ سنز چوک انارکلی لاہور صفحات ۳۲۹ ۔ قیمت ۲۰ روپے ۔

جناب بشیر احمد ڈار صاحب نے فلسفۂ اقبال کی تشریح و توضیح کے لیے گذشتہ تیس سالوں میں اتنا کام کیا ہے کہ انہیں فلسفۂ اقبال کا مستند شارح کہا جا سکتا ہے ۔ زیرِ تبصرہ کتاب فاضل مصنف کی اقبال فہمی پر نہایت واضح شہادت پیش کرتی ہے ۔ کتاب چار ابواب پر مشتمل ہے ۔ پہلے باب میں ڈار صاحب نے آرٹ کے بارے میں علامہ اقبالؒ کے نقطۂ نظر کی وضاحت کی ہے ۔ علامہ کے نزدیک فن کا مقصد یہ ہے کہ زندگی کو ارفع و اعلیٰ مقاصد کی تکمیل کے لیے تیار کیا جائے ۔ ڈاکٹر صاحب کے اپنے الفاظ میں "سب سے بہترین فن وہ ہے جو ہماری خفتہ قوتوں کو بیدار کرے اور ہمیں زندگی کے حقائق سے جرأت اور حوصلہ مندی کے ساتھ نبرد آزما ہونے کا درس دے ۔ اس بنا پر تمام وہ چیزیں جو انسان پر حالتِ سکر طاری کر دیں اور زندگی کے حقائق اوجھل کرنے کا ذریعہ بنیں وہ یقیناً انحطاط اور موت کا پیغام ہیں "۔ (ص ۲۰)

دوسرے باب میں اقبال کے ذہنی پیشروؤں یعنی نٹشے، برگساں، جیمز وارڈ کے افکار کا جائزہ پیش کیا گیا ہے تیسرا باب اقبال کے فلسفۂ خودی پر مشتمل ہے جو بڑا فکر انگیز ہے اور جسے اس کتاب کا ماحصل کہا جا سکتا ہے ۔ چوتھے باب میں اقبالؒ کے تصورِ معاشرت پر اظہارِ خیال کیا گیا ہے ۔ اس باب کے تحت بہت سے معاشی، سیاسی، معاشرتی مسائل زیرِ بحث آئے ہیں ۔ مثلاً فرد اور سوسائٹی، مذہب کا جوہر، سماج کی پائیدار بنیادیں، توحید، نبوت، ختمِ نبوت، اسلام دشمن قوتیں، فکرِ یونان، تصوف، ملّا ازم، جہاد، حج، تصورِ حاکمیت، اسلامی ریاست، مارکسی اشتراکیت، انسان کا معاشی مسئلہ اور اس کا اسلامی حل ۔

شروع میں جناب ممتاز حسن صاحب کا بصیرت افروز مقدمہ بھی شامل ہے ۔

کتاب معیارِ طباعت عمدہ ہے اور قیمت بھی مناسب ہے ۔